دعائے توفیق | میرے خیال میں ماہنامہ الحق اس وقت اسلام کی بہترین خدمت کر رہا ہے۔ مضمون نہایت مدلل ہوتے ہیں جس میں دشمنانِ اسلام کے لیئے منہ توڑ جواب ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو توفیق دے تاکہ اسلام کی خدمت جاری رکھ سکیں۔

(رشید بہادر سفارت پاکستان۔ دی ہیگ۔ ہالینڈ)

حق پسندی | الحق کے اعلیٰ معیار کی وجوہات میری ناقص رائے میں یہ ہیں کہ :-
۱۔ مضامین مختصر ہونے کے باوجود شگفتہ اور مدلل ہوتے ہیں۔ ۲۔ مضامین کے انتخاب میں پوری احتیاط سے کام لیا جاتا ہے۔ ۳۔ ترتیب انوکھی اور نئے انداز پہ کی جاتی ہے۔ ۴۔ قوم کو جس قسم کے تریاق کی ضرورت ہے وہ مہیا کرتا ہے۔ ۵۔ زائد باتوں سے پاک ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ عرض ہے کہ اس معیار کو قائم رکھئے۔

(اعجاز احمد سنگھانوی گلستان کورنگی کراچی)

اچھے رسائل کا مطالعہ | الحق کا اعتدال بہت پسند ہے، مضامین عمدہ، روشن ستھری، اس لئے دین سے تعلق رکھنے والے دل کے لئے اس کا مطالعہ بے حد ضروری ہے۔ اچھے رسائل کا مطالعہ علمی ماحول پیدا کرتا ہے۔

(فضل احمد مدیر ماہنامہ سلسبیل احمد پارک موہنی روڈ۔ لاہور)

ردِ عمل | مارچ کے شمارہ میں آپ نے فضل الرحمان کے اسلام پر مسلسل جملوں کی جو ۲۲ نکات پر مشتمل فہرست تحریر فرمائی ہے۔ اس سے سارے مشرقی پاکستان میں سخت غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی ہے۔ اور مختلف احتجاجی جلسے ہو رہے ہیں، مشرقی پاکستان کے جمعیۃ العلماء اسلام اور نظام اسلام پارٹی کے لیڈروں نے آپ کی اس فہرست کو بنگلہ میں ترجمہ کر کے الحق کے حوالہ کے ساتھ ہزاروں اشتہارات شائع کئے ہیں اور تمام مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ جلسہ کر کے راولپنڈی اور ڈھاکہ کے پتوں پر تار بھیجا جائے۔ اس سے سارے صوبہ میں بیداری پیدا ہو گئی ہے۔ اپیل کرنے والوں میں صدر نظام اسلام پارٹی و جمعیۃ العلماء اسلام خطیب بنگال مولانا صدیق احمد صاحب (پٹیہ) پاکستان کے مشہور سیاسی رہنما فرید احمد صاحب، نائب صدر سید مصلح الدین، ناظم مولانا اشرف علی و سید مصطفیٰ المدنی و سید وحید خان ایم پی اے وغیرہ شامل ہیں۔ ہمارے کاکس بازار کی جمعیۃ نے بھی ڈھائی ہزار اشتہارات شائع کئے ہیں۔ اور ہر جگہ سے ان "نظریات" کے خلاف تار بھیجے جا رہے ہیں۔

(مختار حسن۔ چٹاگانگ۔ مشرقی پاک)